حیسکو پریس ریلیز مورخہ 12 جنوری 2022

# چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو کی ہدایات پر سال 2022 کو سیفٹی کا سال منانے کے عزم پر عملدرآمد کروانے کیلئے اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیفٹی گلشیر مستوئی نے تلہار سب ڈویژن کے علاقے میں اچانک دورہ کیا اور وہاں پر سیفٹی کے آلات کا جائزہ لیا۔

## سب سے پہلے حفاظت تو ہمیشہ کیلئے حفاظت، انسانی جان بہت قیمتی ہے، چاہے وہ حیسکو ملازم یا عوام کی کیوں نہ ہو۔ پوری حیسکو ریجن میں سیفٹی کے تمام حفاظتی قوانین پر مکمل عمل کریں۔ حیسکو چیف

حیدرآباد (                ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو انتظامیہ اور CBA نے مشترکہ یہ عزم کیا گیا تھا کہ بجلی سے ہونے والے حادثات کی روک تھام کیلئے سال 2022 کو سیفٹی کے سال کے طور پر منایا جائے۔ اس سلسلے حیسکو چیف نور احمد سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن میں فیلڈ میں کام کرنے والے تمام ملازمین کام کرنے سے پہلے لازمی طور پر حفاظتی تدابیروں پر مکمل عمل پیرا ہوکر T&P اور PPE کے ساتھ کام کر رہے ہیں یا نہیں کا جائزہ لینے کیلئے اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیفٹی گلشیر مستوئی نے آپریشن سب ڈویژن تلہار کے لائن اسٹاف کو حفاظتی تدابیر اپنانے کیلئے خطاب کیا، تمام لائن اسٹاف سیفٹی کے اصولوں کی مکمل پاسداری کرنے کیلئے تمام لائن اسٹاف کو مکمل T&P اور PPE کا استعمال کرنے کی تربیت دی گئی۔ تقریب میں چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو کی جانب سے ملازمین کو (Safety first is always safety سب سے پہلے حفاظت تو ہمیشہ کیلئے حفاظت) کے ساتھ ہی ہمیشہ فیلڈ میں کام کرنے، احتیاط برتنے تاکہ خود بھی حادثات سے محفوظ رہیں اور دوسروں کو بھی محفوظ رکھنے کی آگاہی دی گئی، کیونکہ جان ہے تو جہان ہے، چاہی وحیسکو ملازم یا عوام کی کیونکہ ہو، انسانی جان بہت قیمتی ہے اس کا نعم البدل کوئی نہیں۔ اسی لیئے مکمل حفاظتی تدابیروں پر لازمی عملدرآمد کریں، تاکہ کسی بھی ممکنہ جانی و مالی حادثہ سے بچا جاسکے۔ تقریب میں SDO تلہار وسیم کورائی و دیگر افسران اور تمام لائن اسٹاف بھی موجود تھا۔




حیدرآباد: حیسکو چیف نور احمد کی ہدایات پر AD سیفٹی کا تلہار سب ڈویژن کا دورہ، سیفٹی کے آلات چیک کر کے استعمال یقینی بنانے پر آگاہی دی گئی